© rasailojaraid.com

افکارِ احرار

# عید سندیسہ

٭ ـــــ اے ہم نفسو!

٭ ـــــ حکومتِ الٰہیہ کی مقدس منزل کے راہیو!

٭ ـــــ ہم سفرو! السلام علیکم

اس دینِ حق کا شجرِ سایہ گھنی چھاؤں لایا جب عظمتِ آدم رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دندانِ گرامی اور چہرۂ انور کا خونِ حق اس اصلِ حق میں جذب ہو گیا۔

٭ ـــــ تب دین کی عمارت مکمل ہوئی جب مکہ کے تیرا سال کے دکھ، بدر و احد، احزاب و غطفان اور حنین و تبوک میں پروردگانِ رسالت کے پوتر گوشت، خون اور عظام عرش مقام اس کی بنیادوں میں ڈالے گئے۔

٭ ـــــ اے رہ نوردانِ وادیٔ حق و صداقت

کبھی نہ بھولنا کہ قبولیت و اجابت کا درِ حق اس وقت تک نہیں کھلے گا جب تک احرارِ حق والے، دین کے متوالے، مجاہدہ و ریاضت اور قربانی و ایثار کی آزمائش میں پورے نہیں اترتے

جہاں ہم ہیں وہاں دار و رسن کی آزمائش ہے۔

سید عطاء المحسن بخاری
ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام پاکستان

© rasailojaraid.com